© rasailojaraid.com



بریگیڈئر مولانا حافظ فیوض الرحمٰن

# افکار و تاثرات

## شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ کی شفایابی کیلئے دعا

برادرِ مکرم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کی علالت کا سن کر افسوس ہوا۔ اچھا ہوا کہ اے ایف آئی سی راولپنڈی میں آپ کا اچھا علاج ہوا۔ اللہ تعالیٰ جنرل قمر جاوید باجوہ چیف آف آرمی اسٹاف کو جزائے خیر دیں کہ وہ نہ صرف آپ کی عیادت کے لئے تشریف لائے بلکہ انہوں نے ڈاکٹروں کو کہا کہ حضرت کا علاج ایسے کیا جائے جیسے میرے والدِ گرامی کا علاج ہوتا۔ آپ کے لئے ملک اور بیرونِ ملک خصوصاً حرمین شریفین میں دعائیں کی گئیں ہم نے بھی اپنے طور پر اور مسجد میں آپ کی کامل صحت اور عافیت کے لئے دعائیں مانگیں۔ الحمدللہ کہ آپ واپس گھر تشریف لے آئے ہیں۔ ان شاء اللہ آپ جلد بالکل ٹھیک ہوجائیں گے۔ اللہ کی رحمت سے پوری امید ہے کہ حضرت مولانا احمد علی صاحبؒ کی تفسیر کا کام آپ کے ہاتھوں جلد مکمل کروادیں گے جس سے پڑھنے والوں کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی۔ آپ اپنے آرام کا پورا خیال رکھتے ہوئے اس کتاب کی تکمیل فرمادیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کو تادیر صحت اور سلامتی کے ساتھ دینی خدمات کی توفیق دیئے رکھیں۔ آمین۔ کل مولانا عرفان الحق صاحب سے آپ کی بخیریت ہسپتال سے واپسی اور صحت کا معلوم کر کے خوشی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ان سب عزیزوں کو آپ کی اور اسلام کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائیں۔ آمین۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعا گو/دعا جو

فیوض الرحمٰن

۱۰۔رجب۔۱۴۳۹ھ بمطابق ۲۷۔۳۔۲۰۱۸ء

© rasailojaraid.com